



# پہلگام میں سیاحوں پر حملے میں ملوث تینوں ملزمان ’پاکستانی شہری ہیں‘، انڈین حکام کا دعویٰ



انڈین حکام کا دعویٰ ہے کہ اپریل میں انڈیا کے زیرِ انتظام کشمیر کے علاقے پہلگام میں سیاحوں پر حملے میں ملوث تینوں ملزمان نہ صرف پاکستانی شہری ہیں بلکہ ان کا تعلق کالعدم تنظیم لشکر طیبہ سے ہے۔ پولیس نے اس سے قبل تینوں افراد کے خاکے جاری کیے تھے اور دعویٰ کیا تھا کہ ان میں سے دو پاکستانی شہری جبکہ تیسرا مقامی شخص ہے۔ نیشنل انویسٹیگیٹو ایجنسی (این آئی اے) کا یہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا جب اس نے دو مقامی افراد کو حملہ آوروں کو پناہ دینے کے الزام میں گرفتار کیا تھا۔ پاکستان نے تاحال ان دعوؤں پر تبصرہ نہیں کیا ہے۔ پاکستان نے اس سے قبل انڈین حکام کے الزامات کی تردید کی تھی اور 26 افراد کی ہلاکت کے اس واقعے کی غیر جانبدار تحقیقات کا مطالبہ کیا تھا۔ پہلگام حملے کے تینوں ملزمان کو تاحال گرفتار نہیں کیا جا سکا۔ سکیورٹی فورسز نے خطے میں بڑے پیمانے پر آپریشن کیا اور تفتیش کے لیے کشمیر بھر سے ہزاروں افراد کو حراست میں لیا تھا۔ اس حملے کی تحقیقات این آئی اے کے حوالے کی گئی تھیں۔ ایک بیان میں این آئی اے نے کہا کہ گرفتار شدہ دو افراد نے جان بوجھ کر تین مسلح دہشتگردوں کو 22 اپریل کے حملے سے قبل پناہ دی تھی۔ اب تک این آئی اے نے گرفتاریوں کے حوالے سے مزید تفصیلات نہیں دیں۔

### کشیدگی اور سیز فائر

پہلگام میں سیاحوں پر ہونے والے حملے کے نو دن بعد پاکستان اور انڈیا کے مابین شدت اختیار کرنے والی کشیدگی کو کم کرنے کے لیے امریکی وزیرِ خارجہ نے جب دونوں ممالک کے رہنماؤں سے رابطہ کیا تو اس میں انڈیا سے اظہارِ یکجہتی اور پاکستان سے اس حملے کی تحقیقات میں تعاون کا مطالبہ نظر آیا۔ امریکی وزارتِ خارجہ کے مطابق بدھ کو مارکو روبیو نے اپنے انڈین ہم منصب سبرامنیم جے شنکر اور پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف سے فون پر بات کی۔ وزارتِ خارجہ کا کہنا ہے کہ جہاں امریکی وزیرِ خارجہ نے دونوں ممالک سے کشیدگی میں کمی اور جنوبی ایشیا میں امن وسلامتی برقرار رکھنے کے لیے مل کر کام کرنے کو کہا وہیں پاکستان سے یہ بھی مطالبہ کیا کہ وہ اس حملے کی مذمت کرے اور اس کی تحقیقات میں تعاون کرے۔ پہلگام میں مسلح افراد کے انڈین سیاحوں پر حملے میں 26 افراد ہلاک ہوئے تھے اور اس واقعے کے فوراً بعد انڈیا کی جانب سے اس کے ذمہ داران کا زمین کے آخری کونے تک پیچھا کرنے کے اعلانات سامنے آئے اور پھر پاکستان کو بالواسطہ طور پر اس کا ذمہ دار ٹھہرا کر معاہدوں کی معطلی، سرحد کی بندش، ویزوں کی منسوخی اور سفارتی عملے کی بے دخلی جیسے اقدامات کیے گئے۔ پاکستان کی جانب سے بھی انڈین اقدامات کے جواب میں ویسے ہی اقدامات سامنے آئے اور ساتھ ہی ساتھ پاکستان نے پہلگام حملے کو ایک ’فالس فلیگ‘ آپریشن قرار دے دیا۔ اس موقع پر پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے یہ مطالبہ بھی کیا گیا کہ اس حملے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کروائی جائیں اور یہ کہ پاکستان اس سلسلے میں تعاون کے لیے تیار ہے۔ پاکستان کی اس پیشکش پر انڈیا کی جانب سے تاحال کوئی سرکاری ردعمل سامنے نہیں آیا لیکن گذشتہ ایک ہفتے میں دونوں ممالک کے مابین کشیدگی اتنی بڑھ چکی ہے کہ پاکستانی وزرا چند دن میں انڈیا کی جانب سے فوجی کارروائی کے خدشات ظاہر کر رہے ہیں جبکہ سرحد پار انڈین وزیراعظم نے بھی مسلح افواج کو پہلگام کے ردعمل میں کارروائی کے لیے مکمل ’آپریشنل آزادی‘ دینے کا اعلان کیا ہے۔ اس صورتحال میں امریکی وزیرِ خارجہ کی جانب سے پاکستان پر تحقیقات میں تعاون پر زور دینے کی بات نے ایک بار پھر اس بحث کو جنم دیا ہے کہ انڈیا میں اس معاملے کی تحقیقات کہاں تک پہنچی ہیں اور پاکستان اس واقعے کی کس قسم کی تحقیقات چاہتا ہے۔

### تحقیقات کہاں تک پہنچی ہیں؟

ماضی میں انڈیا کے زیرِ انتظام کشمیر میں ہونے والے حملوں کی ذمہ داری عسکریت اور شدت پسند تنظیمیں قبول کرتی رہی ہیں لیکن پہلگام کے حملے کے دس دن بعد بھی کسی تنظیم کی جانب سے اس کی ذمہ داری نہیں لی گئی۔ 22 اپریل کو ہونے والے اس حملے کے بعد اگرچہ انڈین حکام نے بھی فوری طور پر کسی مخصوص گروپ کو ذمہ دار ٹھہرانے سے گریز کیا لیکن انڈین ذرائع ابلاغ میں سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے ایک مبینہ بیان کی بنیاد پر دا ریزسٹنس فرنٹ نامی گروپ کو اس کا ذمہ دار قرار دیا گیا۔ چند دن بعد ریزسٹنس فرنٹ کی جانب سے اس سے لاتعلقی کا بیان جاری کر دیا گیا۔ خیال رہے کہ انڈیا اس تنظیم کو کالعدم شدت پسند تنظیم لشکرِ طیبہ کا گماشتہ یا بازو قرار دیتا ہے۔ اس حملے کے اگلے ہی دن انڈیا کے زیرِ انتظام کشمیر کے ضلع اننت ناگ کی پولیس کی جانب سے تین افراد کے خاکے جاری کیے گئے اور دعویٰ کیا گیا کہ ان میں سے دو ہاشم موسیٰ عرف سلیمان، علی بھائی عرف طلحہ بھائی مبینہ طور پر پاکستانی شہری ہیں جبکہ تیسرے فرد عادل حسین ٹھوکر کا تعلق اننت ناگ سے ہی بتایا گیا۔ مگر اب انھیں بھی پاکستانی شہری کہا گیا ہے۔ پولیس نے تینوں ملزمان کے بارے میں اطلاع دینے پر 20 لاکھ روپے انعام کا اعلان بھی کیا۔ پولیس کی جانب سے اس معاملے کی جو ایف آئی آر درج کی گئی اس میں کہا گیا کہ ’نامعلوم دہشت گردوں نے سرحد پار بیٹھے اپنے آقاؤں کی ایما پر غیر قانونی اسلحے سے ان سیاحوں کو بلاامتیاز نشانہ بنایا جو سیاحت کی غرض سے پہلگام آئے تھے۔‘ اننت ناگ پولیس کی جانب سے اے ایس پی غلام حسین کی سربراہی میں اس واقعے کی تحقیقات کا آغاز کیا گیا لیکن حملے کے دوسرے روز ہی انڈیا کے وفاقی تحقیقاتی ادارے نیشنل انوسٹیگیشن ایجنسی کے حکام فارینزک ماہرین کے ہمراہ بھی کشمیر پہنچے اور 24 اپریل کو این آئی اے نے اس حملے کی باقاعدہ تحقیقات سنبھال لیں۔ انڈیا کے زیرِ انتظام کشمیر میں بی بی سی اردو کے نامہ نگار ریاض مسرور کے مطابق پہلگام حملے کی تحقیقات سے منسلک حکام نے بتایا ہے کہ ابتدائی طور پر تو این آئی اے نے جائے واردات بائیسرن کے اردگرد 12 کلومیٹر علاقے کو تحقیقات کا مرکز بنایا تھا لیکن جمعرات کو یہ دائرہ مزید بڑھا دیا گیا۔ ان کے مطابق این آئی اے نے ابھی تک دو ہزار سے زیادہ ایسے کشمیری نوجوانوں سے پوچھ گچھ کی ہے، جن کے بارے میں پولیس کا دعویٰ ہے کہ وہ ماضی میں عسکریت پسندوں کے ’اوور گراؤنڈ‘ ورکرز رہ چکے ہیں۔ نامہ نگار کے مطابق حکام کا دعویٰ ہے کہ اب تک کی تحقیقات میں ان تین ملزمان کے علاوہ، جن کے خاکے جاری کیے گئے تھے، چوتھا نام پاکستان کے زیرِ انتظام کشمیر میں مقیم فاروق احمد عرف فاروق ٹیڑوا کا سامنے آیا ہے اور ان پر الزام ہے کہ وہ اس حملے کی نگرانی لائن آف کنٹرول کی دوسری جانب سے کر رہے تھے۔ این آئی اے کے ذرائع نے بی بی سی کو یہ بھی بتایا کہ حملے میں زخمی ہونے والے سیاحوں سے پوچھ گچھ کے بعد پتا چلا ہے کہ حملہ آوروں کے پاس جدید ساخت کے ایسے فون تھے، جن کے ذریعے انھوں نے حملے کے بعد اپنے ہینڈلرز سے رابطے کیے جو کہ حکام کے دعوؤں کے مطابق پاکستان کے زیرِ انتظام کشمیر میں موجود تھے۔ حکام کا یہ بھی کہنا ہے کہ حملے کے بعض عینی شاہدین نے تحقیقات کے دوران یہ بھی کہا ہے کہ حملہ آوروں نے باڈی کیمرے لگا رکھے تھے اور وہ واقعے کی ریکارڈنگ بھی کر رہے تھے تاہم حکام کا کہنا ہے کہ ان دعوؤں کی مزید چھان بین کی جا رہی ہے جبکہ ایجنسی نے حملے کے وقت بائی سرن اور پہلگام میں موجود تمام سیاحوں کے فونز میں موجود فوٹیج کا بھی معائنہ شروع کر دیا ہے۔ اس واقعے کے بعد کشمیر میں انڈین سکیورٹی فورسز کی جانب سے کریک ڈاؤن بھی کیا گیا جو تاحال جاری ہے۔ اس دوران کشمیر کے کئی اضلاع میں دس رہائشی مکانوں کو بھی بارود سے اُڑا دیا گیا۔ پولیس کا دعویٰ ہے کہ یہ مکانات اُن نوجوانوں کے ہیں جو طویل عرصے سے روپوش ہیں اور مسلح سرگرمیوں میں ملوث ہیں۔ بی بی سی کے نامہ نگار کے مطابق جن مبینہ عسکریت پسندوں کے مکان مسمار کیے گئے ان میں عادل حسین ٹھوکر اور فاروق ٹیڑوا کے مکانات بھی شامل ہیں۔ این آئی اے کی تحقیقات تو جاری ہیں لیکن انڈیا کے زیرِ انتظام کشمیر کے تین شہریوں فتح کمار شاہو، محمد جُنید اور وِکی کمار نے اس سلسلے میں انڈین سپریم کورٹ سے بھی رجوع کیا اور مطالبہ کیا تھا کہ مودی حکومت کو ہدایت دی جائے کہ وہ اس سلسلے میں ایک اعلیٰ سطح کی تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دے۔ سپریم کورٹ نے جمعرات کو مفادِ عامہ کی اس درخواست کی سماعت کی اور اسے مسترد کر دیا۔ درخواست میں پہلگام ہلاکتوں کی تحقیقات کے لیے عدالتی کمیشن کے قیام کا مطالبہ کیا گیا تھا تاہم عدالت نے اسے یہ کہتے ہوئے رد کر دیا کہ ’جج کب سے ایسے معاملوں کے ماہر ہو گئے ہیں۔ آپ اس طرح افواج کی حوصلہ شکنی کر رہے ہیں اس لیے درخواست مسترد کی جاتی ہے۔‘

### پاکستان کو انڈین تحقیقات پر شک کیوں؟

پاکستان کی جانب سے پہلگام کے حملے کو فالس فلیگ آپریشن قرار دیا گیا اور مطالبہ کیا گیا کہ اس کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کروائی جائیں۔ پاکستان کے وزیر اعظم شہباز شریف نے 26 اپریل کو ایک خطاب میں کہا کہ ’پاکستان کسی بھی غیر جانبدار، شفاف اور قابل اعتماد تحقیقات میں حصہ لینے کے لیے تیار ہے۔‘ اسی حوالے سے بدھ کو ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اور وزیرِ خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ ’ہم نے آزادانہ اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا اور اس حوالے سے ٹی او آرز کو معتبر ہونا چاہیے اور متفقہ طور پر طے کیا جانا چاہیے۔‘ اسی پریس کانفرنس میں بات کرتے ہوئے پاکستانی فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا تھا کہ ’واقعے کے چند منٹ بعد ہی انڈین ایجنسیوں سے منسلک سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر اس واقعے کا الزام پاکستان پر لگانا شروع کر دیا گیا اور پھر کچھ ہی دیر میں الیکٹرونک میڈیا نے بھی پاکستان کو اس واقعے کے لیے موردِ الزام ٹھہرانا شروع کر دیا لیکن اب تک اس الزام کا کوئی ثبوت پیش نہیں کیا گیا۔‘ انھوں نے کہا کہ ’ہم اس واقعے کے حقائق پر جائیں گے۔ الزامات پر نہیں، اگر الزام یہ ہے کہ پاکستانی سرزمین سے نام نہاد دہشت گردوں نے یہ واقعہ انجام دیا تو آپ کو یہ مدنظر رکھنا چاہیے کہ پہلگام کسی بھی پاکستانی قصبے سے 200 کلومیٹر سے بھی زیادہ فاصلے پر ہے۔‘ فوج کے ترجمان نے اس واقعے کی ایف آئی آر کے اندراج کے حوالے سے بھی الزامات عائد کیے اور کہا کہ جس دور دراز مقام پر یہ حملہ ہوا وہاں سے ’کسی کو بھی پولیس سٹیشن تک پہنچنے کے لیے آدھا گھنٹہ درکار ہوگا، تو ایف آئی آر کے مطابق یہ کیسے ممکن ہے کہ 10 منٹ میں پولیس وہاں پہنچ بھی گئی اور پھر واپس جا کر ایف آئی آر بھی درج کر لی گئی، اس سے ظاہر ہوتا ہے وہ پہلے ہی اس کی تیاری کر چکے تھے۔‘ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے یہ بھی کہا کہ ’انڈین انٹیلیجنس اس واقعے سے باخبر نہیں تھی لیکن جب واقعہ ہو گیا تو دس منٹ کے اندر ہی انھیں اتنی انٹیلیجنس مل گئی کہ انھوں نے کہہ دیا کہ ہینڈلر سرحد پار سے آئے تھے۔‘ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ ’مستقل یہ بیانیہ بنایا جا رہا ہے کہ دہشت گردی کی یہ کارروائی مذہب کی بنیاد پر کی گئی اور مسلمانوں کو چھوڑ کر ہندوؤں کو نشانہ بنایا گیا جبکہ ہمارا موقف ہے کہ دہشت گردی کا کوئی مذہب نہیں ہوتا، نہ تو مسلمان دہشت گرد ہوتے ہیں، نہ عیسائی اور نہ ہی ہندو کیونکہ دہشت گردوں کا کوئی مذہب نہیں ہوتا۔‘ اس سوال پر کہ پاکستان پہلگام حملے کی انڈین تحقیقات پر شک کیوں کر رہا ہے، انڈیا میں پاکستان کے سابق سفیر ضمیر اکرم نے بی بی سی کے عماد خالق کو بتایا کہ پہلگام واقعے کے تقریباً دس روز گزرنے کے بعد بھی انڈیا نے پاکستان پر لگائے الزامات کے نہ صرف پاکستان بلکہ بیرونی دنیا کو بھی کوئی شواہد پیش نہیں کیے۔ ان کا کہنا تھا کہ ’ہمیں انڈیا کی اپنی تحقیقات پر اس لیے اعتبار نہیں کیونکہ ان کا پاکستان کو لے کر ایک خاص ذہنیت اور ایجنڈا ہے اور وہ پاکستان کو دنیا بھر میں دہشت گردی کے حوالے سے بدنام کرنا چاہتا ہے۔‘ ایک اور سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ اگرچہ پاکستان کے علاوہ دیگر ممالک بھی آزادانہ تحقیقات کا مطالبہ کر رہے ہیں لیکن انڈیا یہ مطالبہ تسلیم نہیں کرے گا کیونکہ اس کے پاس اس حوالے سے کوئی شواہد نہیں۔ خیال رہے کہ پاکستان کی جانب سے آزادانہ تحقیقات کا مطالبہ سامنے آنے کے بعد چین نے بھی اس کی حمایت کی۔ ضمیر اکرم کا کہنا تھا کہ ’اب بیرونی دنیا بھی پہلگام واقعے کی تحقیقات کروانے کا کہہ رہی ہے مگر انڈیا اب تک بنا کسی شواہد کے پاکستان پر الزام لگا کر نہ صرف اسے بدنام کرنے کی کوشش کر رہا ہے بلکہ وزیراعظم مودی اپنی داخلی سیاست کے مقاصد بھی حاصل کر رہے ہیں۔‘ بی بی سی سے بات کرتے ہوئے کشمیری مؤرخ اور تجزیہ نگار پیر غلام رسول کا کہنا تھا کہ ’غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ پاکستان کا قدرتی ردعمل ہے اور اس مطالبے نے عالمی سطح پر انڈیا کے فوجی ردعمل کے جواز کو کمزور کر دیا۔‘ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ ’دو ملکوں کے بیچ بٹے ہوئے دنیا کے کسی بھی خطے میں کوئی ایسا واقعہ ہو جائے تو یہ قدرتی بات ہے کہ متاثرہ ملک اپنے پڑوسی ملک پر الزام عائد کرتا ہے جبکہ پڑوسی اس میں کسی کردار سے انکار کرتا ہے۔ انڈیا نے الزام پاکستان پر لگایا اور جنگ کی تیاری شروع کر دی۔ ظاہر ہے محض الزام کو لے کر جنگ نہیں ہو سکتی اور وہ بھی ایسے وقت جب ملزم خود تحقیقات میں تعاون کے لیے تیار ہے۔‘ پیر غلام رسول کے مطابق پاکستان بظاہر غیر جانبدار تحقیقات کے مطالبے کے تحت چاہتا ہے کہ دنیا کی کوئی بڑی طاقت اس معاملے میں ثالث بنے، جس کے سامنے انڈیا اپنے ثبوت رکھے اور پاکستان اپنا موقف۔ ’وہ کہتے ہیں کہ اگر واقعی انڈیا اس مطالبے پر آمادہ ہوتا ہے تو کوئی مسئلہ حل ہو جائیں گے۔‘ اگر عالمی سطح پر کوئی غیر جانبدار تحقیقات ہوگی تو دو یا تین لوگوں کے قصور کی سزا پوری کشمیری قوم کو نہیں ملے گی اور انڈیا اور پاکستان کے درمیان فوجی کشیدگی بھی ختم ہو جائے گی۔‘ کوئنسی انسٹیٹیوٹ سے منسلک ایڈم وائنسٹائن نے بی بی سی اردو کے روحان احمد کو بتایا کہ انڈیا کے پاس پاکستان کے مطالبے کو ماننے کی کوئی وجہ نہیں۔ ’انڈیا کا نظریہ یہی ہے کہ وہ اپنے بیانیے کی حمایت میں تاریخ کا سہارا لے سکتا ہے۔‘ تاہم ایڈم وائنسٹائن کہتے ہیں کہ ’اصل سوال یہ ہے کہ بند دروازوں کے پیچھے انڈیا کے شراکت دار اس سے ثبوت طلب کرتے ہیں یا نہیں۔‘ یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی سڈنی سے منسلک خارجہ اور عسکری امور کے ماہر محمد فیصل نے بھی پاکستان اور انڈیا کے درمیان اعتماد کے فقدان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ان کے خیال میں انڈیا تیسرے فریق کے ذریعے پہلگام حملے کی انکوائری کے لیے حامی نہیں بھرے گا۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ ’پاکستان کی آزادانہ تحقیقات کی پیشکش بظاہر دونوں ممالک کے خطے کے دیگر ممالک کے ساتھ بات چیت کا نتیجہ لگتا ہے۔‘ تاہم محمد فیصل کہتے ہیں کہ انھیں نہیں لگتا کہ پہلگام حملے کی کوئی مشترکہ یا کثیر الاقوامی تحقیقات ممکن ہو پائیں گی۔

### تحقیقات پر انڈیا سے اٹھتے سوال

پہلگام حملے اور اس کی تحقیقات کے حوالے سے پاکستان کی جانب سے تو سوال کیے جا ہی رہے ہیں لیکن اس پر انڈیا کے اندر سے بھی آوازیں بلند ہو رہی ہیں۔ صحافی اور کشمیر کے امور کی ماہر انورادھا بھسین نے اس بارے میں جب بی بی سی سے بات کی تو ان کا کہنا تھا کہ ’یہ واقعہ دنیا کے سب سے زیادہ ملٹرائزڈ زون (وہ علاقہ جہاں فوج کی بڑی موجودگی رہتی ہے) میں پیش آیا، اس لیے بڑے سوالات اٹھتے ہیں۔‘ انھوں نے سوال کیا کہ حملے کے چند گھنٹے بعد ہی مبینہ حملہ آوروں کے نام کیسے منظر عام پر آئے؟ انورادھا بھسین کا کہنا تھا کہ ’اگرچہ سکیورٹی فورسز کو جائے وقوعہ تک پہنچنے میں وقت لگا مگر دوسری جانب چند ہی گھنٹوں میں اُن کے پاس حملہ آوروں کی تصاویر موجود تھیں۔ وہ اس نتیجے پر کیسے پہنچے؟ یہ تحقیقات زیادہ قابل اعتبار نہیں لگتیں۔‘ انھوں نے کہا کہ ’ایسے واقعات کی ایک تاریخ رہی ہے جن کی تحقیقات پر سوالیہ نشان لگے ہیں۔‘

# اسرو کے تجربات، مٹھائی اور کھلونا

## خلا میں جانے والے دوسرے انڈین وہاں کیا کریں گے؟



**گیتا پانڈے**

انڈیا نے 41 سال میں پہلی بار ایک خلا باز کو خلا میں بھیجا ہے جس پر ملک میں جوش وجذبہ پایا جاتا ہے۔ گروپ کیپٹن شوبھانشو شُکلا خلا میں جانے والے دوسرے انڈین خلا باز بن گئے ہیں۔ متعدد ممالک پر مشتمل یہ مشن ایگزیوم فور 26 گھنٹوں میں انٹرنیشنل سپیس سٹیشن (آئی ایس ایس) پہنچ جائے گا۔ شکلا ناسا کی مدار میں چکر لگانے والی اس لیبارٹری میں پہنچنے والے پہلے انڈین ہوں گے۔ 41 سال بعد 1984 کے دوران راکیش شرما نے روسی مشن کے ساتھ خلا کا سفر کیا تھا۔ وہ خلا میں جانے والے پہلے انڈین خلا باز ہیں۔ حالیہ مشن کی قیادت ناسا کی سابق خلا باز پیگی وِٹسن کر رہی ہیں جنھیں دو بار آئی ایس ایس جانے کا تجربہ ہے۔ انھوں نے 675 دن خلا میں گزارے ہیں اور 10 بار خلا میں پہل قدمی کی ہے۔ ایگزیوم فور نامی اس مشترکہ مشن میں ہوسٹن میں قائم نجی کمپنی ایگزیوم سپیس، انڈین خلائی ایجنسی اسرو، یورپی سپیس ایجنسی اور سپیس ایکس شریک ہیں۔ خلا میں جانے والی چار رکنی ٹیم میں پولینڈ سے سلاوز ازنانسکی وسنیوسکی اور ہنگری کے تبیور کاپو بھی شامل ہیں۔ یہ دونوں خلا باز اپنی مملکوں کی نمائندگی کرتے ہوئے چار دہائیوں بعد پولینڈ اور ہنگری کو خلا لے جا رہے ہیں۔ بدھ کو لانچ سے قبل خلا بازوں نے کئی ہفتے قرنطینہ میں گزارے ہیں۔ خلا جانے والے اس مشن میں انڈیا میں خاصی دلچسپی پائی جاتی ہے۔ اسرو کا کہنا ہے کہ گروپ کیپٹن شُکلا آئی ایس ایس کے دورے پر بہت کچھ سیکھیں گے اور اس سے انڈین خلائی ایجنسی کے مستقبل کے مشنز میں مدد ملے گی۔ 39 سالہ شُکلا ان چار انڈین خلا بازوں میں سے ایک ہیں جنھیں 2027 میں انڈیا کی پہلی ہیومن سپیس فلائٹ کے لیے گذشتہ سال شارٹ لسٹ کیا گیا تھا۔ انڈیا نے 2035 تک سپیس سٹیشن قائم کرنے اور 2040 تک خلا بازوں کو چاند پر بھیجنے کے اہداف مقرر کیے ہیں۔ اسرو نے خلا میں جانے کے لیے متعدد آزمائشیں کی ہیں۔ اس نے گروپ کیپٹن شُکلا کی ایگزیوم فور مشن میں شرکت اور تربیت پر چار ارب انڈین روپے (59 ملین ڈالر) خرچ کیے ہیں۔ ٹیک آف کے فوراً بعد شُکلا نے انڈیا کو بھیجے پیغام میں کہا کہ ہم 41 سال دوبارہ خلا میں پہنچ چکے ہیں اور یہ سفر عمدہ رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ فی الحال ہم 5.7 کلومیٹر فی سیکنڈ کی رفتار سے زمین کا چکر لگا رہے ہیں۔ میرے کندھے پر انڈین پرچم ہے۔ یہ میرے آئی ایس ایس کے سفر کی شروعات نہیں بلکہ انڈیا کی ہیومن سپیس فلائٹ کا آغاز ہے۔ میں تمام انڈین شہریوں کا اس سفر پر خیر مقدم کرتا ہے۔ مجھے فخر ہے۔ اس لانچ کے لیے سپیس ایکس کیرو ڈریگن کیپسول اور فیلکن نائن راکٹ استعمال کیے گئے۔ لانچ کو ایگزیوم سپیس اور ناسا نے لائیو دکھایا اور انڈیا میں اس کا جشن منایا گیا۔ انڈین وزیر اعظم نریندر مودی نے کامیاب لانچ کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ انڈین خلا باز شُکلا کے ساتھ 1.4 ارب انڈینز کی امیدیں اور دعائیں ہیں۔ شُکلا کے آبائی شہر لکھنؤ میں ان کے والدین اور سینکڑوں طلبہ نے لانچ کی لائیو نشریات دیکھیں۔ جب راکٹ آسمان کی جانب بڑھا تو تالیاں بجائی گئیں۔ شکلا 10 اکتوبر 1985 کو لکھنؤ میں پیدا ہوئے اور انھوں نے 2006 میں بطور فائٹر پائلٹ انڈین ایئرفورس میں شمولیت اختیار کی۔ انھوں نے میگ، سخوئی، ڈورنیئر، جگوار اور ہاک طیارے اڑائے ہیں اور انھیں دو ہزار سے زیادہ گھنٹوں تک اڑان کا تجربہ ہے۔ شکلا نے گذشتہ سال کو تبدیلی کا سال کہا۔ ان کا ایک پریس کانفرنس کے دوران کہنا تھا کہ یہ اب تک ایک زبردست سفر رہا ہے۔ لیکن اگلا مرحلہ بہترین ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ میں خلا میں جاتے ہوئے صرف سامان ہی نہیں بلکہ اربوں دلوں کی امیدیں اور خواہشیں بھی لے جا رہا ہوں۔ انھوں نے تمام انڈینز سے گزارش کی کہ وہ مشن کی کامیابی کی دعا کریں۔

### وہ ایگزیوم فور مشن پر کیا کریں گے؟

شُکلا نہ صرف اس مشن کے پائلٹ ہیں بلکہ وہ آئی ایس ایس پر خاصے مصروف دو ہفتے گزاریں گے۔ اس پرواز میں دلچسپی کی وجہ سے اسرو نے کہا ہے کہ ان کی خلا میں انڈین طلبہ اور وزیر اعظم مودی سے بات چیت کی تقاریب ہوں گی۔ اکثر اوقات مشن کا چار رکنی عملہ مجموعی طور پر 60 سائنسی تجربات میں مصروف رہے گا۔ ان میں سے سات تجربات انڈیا کی طرف سے ہوں گے۔ ناسا کی سابق سائنسدان میلا مترا کا کہنا ہے کہ اسرو کے تجربات سے خلا سے متعلق ہماری سمجھ بوجھ بڑھے گی، خاص کر بیالوجی اور مائیکروگریویٹی کے اثرات کے بارے میں۔ وہ بتاتی ہیں کہ ایک اہم تجربہ یہ ہے کہ چھ مختلف فصلوں کے بیجوں پر خلائی سفر کے کیا اثرات ہوتے ہیں۔ اسرو کا ایک دوسرا تجربہ مائیکرو کائی کی تین اقسام سے متعلق ہے کہ آیا اسے خوراک، ایندھن یا زندگی بچانے کے نظام میں بدلا جا سکتا ہے۔ یہ تعین بھی کیا جائے گا کہ مائیکرو گریویٹی کے ماحول میں کس کی پیداوار قدرے آسان ہے۔ اسرو کے پروجیکٹ میں یہ بھی دیکھا جائے گا کہ زمین پر رہنے والے مائیکروانیملز آیا خلا کے سخت ماحول میں زندہ رہ سکتے ہیں۔ دیگر تجربات میں یہ تعین کیا جائے گا کہ خلا میں پٹھوں میں کمی کیسے رونما ہوتی ہے اور اس کا علاج کیسے ممکن ہے۔ مائیکروگریویٹی میں کمپیوٹر سکرین استعمال کرنے کے جسمانی اور ذہنی اثرات کا بھی مطالعہ کیا جائے گا۔

### خلا باز شُکلا اپنے ساتھ کیا لے جا رہے ہیں؟

عموماً خلا باز کم سامان کے ساتھ سفر کرتے ہیں کیونکہ ہر کلوگرام کا اضافہ مشن کے اخراجات میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔ لیکن شُکلا کے بیگز میں کچھ غیر معمولی اشیا موجود ہیں۔ انڈین خلا باز کا کہنا ہے کہ وہ خاص اس مشن کے لیے کچھ مقامی مٹھائیاں لے جا رہے ہیں۔ انھوں نے پریس کانفرنس کے دوران بتایا تھا کہ ’خلا میں کھانے کو بہت کچھ ہے لیکن میں اپنے ساتھ آم رس، گاجر کا حلوا اور مونگ دال کا حلوا لے جا رہا ہوں۔‘ ان کی بہن شوچی شُکلا کا کہنا ہے کہ کیلوریز سے بھرپور ان مٹھائیوں سے ان کی فٹنس پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ انھوں نے اخبار ہندوستان ٹائمز کو دیے انٹرویو میں بتایا کہ ’وہ فٹنس کو کافی ترجیح دیتے ہیں، یوگا کرتے ہیں تو مجھے یقین ہے کہ وہ توازن قائم رکھیں گے۔‘ اس کے علاوہ شُکلا نے بتایا کہ وہ اپنے ساتھ سفید رنگ کا ایک کھلونا ’جوائے‘ لے جائیں گے جو ہنس سے مشابہت رکھتا ہے۔ ان کے مطابق اس کھلونے کی مدد سے مائیکرو گریویٹی کا تعین کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ انڈین ثقافت میں ہنس کو حکمت اور سچ کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ شُکلا کا یہ بھی کہنا تھا کہ وہ اپنے ساتھ ایک سرپرائز لے جا رہے ہیں جو وہ واپس آنے پر اپنے ہیرو راکیش شرما کو پیش کریں گے۔

# محبت حسین رض سے کردار یزید کا


**سعدیہ فاطمہ عبدالخالق**

ناندیڑ مہاراشٹر


تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور ساری نعمتیں اسی کی دی ہوئی ہیں، اسلام کی تاریخ میں سب سے المناک ترین باب واقعہ کربلا ہے، آقائے محبوب نواسے کو ان کے پورے اہل وعیال کو بے دردی کے ساتھ تہ تیغ کر دینا اموی حکومت کے دامن میں سیاہ ترین داغ ہے، یزید اسلامی تاریخ کا داغ دار کردار ہے، یزید کی خلافت پورے عالم اسلام میں قبول نہیں کی گئی تھی، اہل عراق، حجاز، مصر اور دیگر بہت سے علاقوں میں یزید کی مخالفت کی گئی، اسلام کے نظام خلافت کو جاننے والے صحابہ کرام بخوبی سمجھتے تھے کہ یزید اپنے کردار کے لحاظ سے خلافت کی عظیم ذمہ داری کے لئے بالکل نااہل ہے، ان حالات میں اہل حجاز کے مشورے سے حضرت عبداللہ بن زبیر رضہ نے حجاز میں اپنی خلافت قائم کی اور یہاں کے تمام لوگوں نے ان کے ہاتھ پر برضا و رغبت بیعت کی، دوسری طرف اہل کوفہ نے زیادہ تعداد میں خطوط لکھ کر حضرت حسین بن علی رضہ کو کوفہ آنے کی دعوت دی، یہ سب واقعات تاریخ میں محفوظ ہے، ابن اثیر 2 ص 250، تاریخ طبری ج 4 ص 225، الکامل لابن الاثیر ج 2 ص 49 اور 50 پر وہ تمام تفصیلات موجود ہیں جو اس حقیقت کو واضح کرتی ہیں، کہ یزید حضرت معاویہ رضہ کا بیٹا ہونے کے علاوہ کسی لحاظ سے بھی اس قابل نہیں تھا کہ کوئی فرد یہ سوچتا کہ زمام اقتدار اس کے ہاتھ میں ہونی چاہیئے، یزید نے ہر طرح کی چال چلی اور حسین رض کو پورے خاندان کے ساتھ پانی کے لئے ترسایا، سیدنا حسین رض کے پایہ استقلال میں کوئی لغزش نہیں آئی وہ بہادری سے لڑتے ہوئے شہید ہو گئے، تب سے اب تک مسلمان یزید کے کردار سے نفرت کرتے ہیں، اور اس نفرت اور افسوس کے سائے میں وقت کی رفتار نے 1447 ہجری تک پہنچا دیا، قیامت کے قریب کا وقت آ چکا ہے، وقت کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ دھیرے دھیرے، یزید نے اپنے کردار کو لوگوں کے دلوں میں ایسے اتر تا گیا کہ کسی کو احساس تک نہ جاگا کہ ہم کونسے کردار کی پیروی کر رہے ہیں، دکھاوے کے لیے یزید کا ماتم اور کردار میں یزید کو جگہ دینا، اس بات کے لیے اپنی اپنی آنکھیں کھولنا بہت ضروری ہے، سب سے پہلے اپنے آپ کا محاسبہ کریں کہ روزانہ کے رشتے نبھانے میں حسین رض کی پیروی ہے یا یزید کی چال ہے، ذریعہ معاش میں کس کے کردار کو اہمیت دی جا رہی ہے، حکومت میں، انصاف میں، حکمت میں، ڈاکٹری میں، تدریس میں، رہنمائی میں، سیاست میں، اخلاق میں، عدالتوں میں، فیصلوں میں، کونسا کردار سمایا ہے، کردار یزید کا اپنا کر پیروی یزید کی، ایک بار نہیں کئی بار سوچیں، کربلا میں صرف عظیم شخصیات ہی قتل نہیں ہوئی بلکہ عظیم شخصیات کے ساتھ اسلام کے عظیم نظریات کو بھی قتل کر دیا گیا اور آج بھی حسینیت کا حقیقی علم اٹھانے والوں پر کربلا ٹوٹتی ہے، چاہے پھر وہ فلسطین کے شہید ہو، یا پھر اقصیٰ پر جان لٹانے والے ہو، جن لوگوں نے حسین رضہ کے نظام کی بات کی، باطل کو چیلینج کیا، اور حق پر آواز اٹھائی وہ تکلیف اور اذیت کی بھٹی میں پھینک دیئے گئے، اور جن لوگوں نے حق کے علم کو اٹھانے سے گریز کیا، اور پیٹھ کے پیچھے ہاتھ چھپا لئے، وہ اس وقت بھی آرام سے نرم و ملائم بستروں پر سکون سے سوتے ہیں، آرام سے کھاتے ہیں، حسینی کردار کو اپنانے والے آج اکیلے ہیں، امت کی اکثریت صرف تماش بین بن کر بیٹھتی ہے، مگر شہیدوں کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا، یہ کل بھی سربلند تھے اور ہمیشہ سربلند رہیں گے، قیامت کے روز ان کی کونسی صفیں ہونگی یہ مالک حقیقی خوب جانتا ہے، اللہ جب راضی رہے گا تو یہ ایسی صفوں میں شمار ہونگے جنھیں اللہ کا دیدار نصیب ہوگا، الحمدللہ۔ اب بھی وقت ہے ہم اپنی صفوں کو درست کر لیں، یزیدی کردار کو پہچان کر اس سے اپنے آپ کو دور کریں اور اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کریں، تاکہ ہمیں قیامت کے روز شرمندہ نہ ہونے پڑیں، اللہ ہمارے علم وعمل کو قبول فرمائے اور اللہ ہم سب راضی ہو جائے، آمین،

# یہ صلح امیں، صبح یقیں، فتح مبیں ہے


**از قلم: ڈاکٹر سلیم خان**




ارشادِ ربانی ہے: ’’بیشک ہم نے تمہارے لیے روشن فتح دی‘‘۔ صلح حدیبیہ کے بعد نازل ہونے والی اس آیت کا تاریخی تناظر یہ ہے کہ ہجرت سے قبل مکہ مکرمہ کے دگرگوں حالات اور نبی کریم ﷺ پر حملے کی سازش سے مکہ غزوۂ بدر تک بہت کچھ بدل گیا تھا۔ غزوۂ بدر پر قرآنی تبصرہ ہے: ’’یاد کرو وہ وقت جبکہ تم تھوڑے تھے، زمین میں تم کو بے زور سمجھا جاتا تھا، تم ڈرتے رہتے تھے کہ کہیں لوگ تمہیں مٹا نہ دیں پھر اللہ نے تم کو جائے پناہ مہیا کر دی، اپنی مدد سے تمہارے ہاتھ مضبُوط کیے اور تمہیں اچھا رزق پہنچایا، شاید کہ تم شکر گزار بنو‘‘۔ نیز فرمایا گیا کہ: ’’اور پیغمبر آپ اس وقت کو یاد کریں جب کفار تدبیریں کرتے تھے کہ آپ کو قید کر لیں یا شہر بدر کر دیں یا قتل کر دیں اور ان کی تدبیروں کے ساتھ خدا بھی اس کے خلاف انتظام کر رہا تھا اور وہ بہترین انتظام کرنے والا ہے‘‘۔ میدانِ بدر میں اہل ایمان کی فیصلہ کن کامیابی کی تفصیل یوں بیان کی گئی کہ: ’’پس حقیقت یہ ہے کہ تم (اہل ایمان) نے انہیں قتل نہیں کیا بلکہ اللہ نے ان کو قتل کیا اور (اے پیغمبر) آپ نے (سنگریزے) نہیں پھینکے بلکہ اللہ نے پھینکا۔ یہ اس لیے تھا کہ اللہ مومنوں کو ایک بہترین آزمائش سے کامیابی کے ساتھ گزار دے، یقیناً اللہ سُننے والا اور جاننے والا ہے‘‘۔ مومنین کی حوصلہ افزائی کے ساتھ مستقبل کی یہ یقین دہانی بھی کرائی گئی کہ: ’’یہ معاملہ تو تمہارے ساتھ ہے اور کافروں کے ساتھ معاملہ یہ ہے کہ اللہ ان کی چالوں کو کمزور کرنے والا ہے‘‘۔ اس کے بعد فریق مخالف کو یہ نصیحت کی گئی کہ اِن کافروں سے کہہ دو: ’’اگر تم فیصلہ چاہتے تھے تو لو، فیصلہ تمہارے سامنے آ گیا اب باز آ جاؤ تو تمہارے ہی لیے بہتر ہے، ورنہ پھر پلٹ کر اسی حماقت کا اعادہ کرو گے تو ہم بھی اسی سزا کا اعادہ کریں گے اور تمہاری جمعیت، خواہ وہ کتنی ہی زیادہ ہو، تمہارے کچھ کام نہ آ سکے گی اللہ مومنوں کے ساتھ ہے‘‘۔ غزوۂ بدر کی کامیابی کے بعد مسلمان بڑے اعتماد سے میدانِ احد میں اترے کیونکہ ارشادِ قرآنی ہے: ’’تمہارے لیے اُن دو گروہوں میں ایک نشانِ عبرت تھا، جو (بدر میں) ایک دوسرے سے نبرد آزما ہوئے ایک گروہ اللہ کی راہ میں لڑ رہا تھا اور دوسرا گروہ کافر تھا دیکھنے والے بچشم سر دیکھ رہے تھے کہ کافر گروہ مومن گروہ سے دو چند ہے مگر اللہ اپنی فتح ونصرت سے جس کو چاہتا ہے، مدد دیتا ہے دیدۂ بینا رکھنے والوں کے لیے اس میں بڑا سبق پوشیدہ ہے‘‘۔ امریکہ کی پشت پناہی میں اسرائیل بھی بہت طاقتور تھا مگر ایران کے ذریعہ دونوں کو پسپا کر دیا گیا۔ غزوۂ احد کا نتیجہ بدر سے مختلف تھا کیونکہ: ’’اللہ نے (تائید ونصرت کا) جو وعدہ تم سے کیا تھا وہ تو اُس نے پورا کر دیا ابتدا میں اُس کے حکم سے تم ہی اُن کو قتل کر رہے تھے مگر جب تم نے کمزوری دکھائی اور اپنے کام میں باہم اختلاف کیا، اور جونہی کہ وہ چیز اللہ نے تمہیں دکھائی جس کی محبت میں تم گرفتار تھے (یعنی مال غنیمت) تم اپنے سردار کے حکم کی خلاف ورزی کر بیٹھے اس لیے کہ تم میں سے کچھ لوگ دنیا کے طالب تھے اور کچھ آخرت کی خواہش رکھتے تھے تب اللہ نے تمہیں کافروں کے مقابلہ میں پسپا کر دیا تاکہ تمہاری آزمائش کرے اور حق یہ ہے کہ اللہ نے پھر بھی تمہیں معاف ہی کر دیا کیونکہ مومنوں پر اللہ بڑی نظر عنایت رکھتا ہے‘‘۔ غزوۂ احد کے فوراً بعد نبی کریم ﷺ نے کفار کے لشکر کا تعاقب کیا تو پلٹنے کا ارادہ ترک کر کے لشکر کفار نے بدر میں ملنے کا وعدہ کیا اور لوٹ گیا مگر نہیں آیا۔ آگے چل کر وہ غزوۂ احزاب میں سارے قبائل کو ساتھ لے کر آئے اور ناکام ونامراد ہو کر لوٹے تو اس کے بعد نبی کریم ﷺ نے عمرہ کرنے کا ارادہ فرمایا جو صلح حدیبیہ یعنی فتح مبین پر منتج ہوا۔ اسرائیل نے بھی پہلے حملے میں کامیابی حاصل کی مگر ایرانی ردعمل کے بعد صلح پر مجبور ہوا۔ صلح حدیبیہ کے فتح مبین ہونے کی حکمت اہل ایمان کی سمجھ میں نہیں آ رہی تھی اس لیے مدینہ پہنچ کر ایک صاحب نے اپنے ساتھیوں سے کہا: ’’یہ کیسی فتح ہے؟ ہم بیت اللہ جانے سے روک دیے گئے، ہماری قربانی کے اونٹ بھی آگے نہ جا سکے، رسول ﷺ کو حدیبیہ ہی میں رک جانا پڑا، اور اس صلح کی بدولت ہمارے دو مظلوم بھائیوں (ابو جندل اور ابو بصیر) کو ظالموں کے حوالہ کر دیا گیا‘‘۔ نبی مکرم ﷺ تک یہ بات پہنچی تو آپؐ نے فرمایا ’’یہ بڑی غلط بات کہی گئی ہے۔ حقیقت میں یہ بہت بڑی فتح ہے۔ تم مشرکوں کے عین گھر پر پہنچ گئے اور انہوں نے آئندہ سال عمرہ کرنے کی درخواست کر کے تمہیں واپس جانے پر راضی کیا۔ انھوں نے تم سے خود جنگ بند کر دینے اور صلح کر لینے کی خواہش کی حالانکہ ان کے دلوں میں تمہارے لیے جیسا کچھ بغض ہے وہ معلوم ہے۔ اللہ نے تم کو ان پر غلبہ عطا کر دیا ہے۔ کیا وہ دن بھول گئے جب احد میں تم بھاگے جا رہے تھے اور میں تمہیں پیچھے سے پکار رہا تھا؟ کیا وہ دن بھول گئے جب جنگ احزاب میں ہر طرف سے دشمن چڑھ آئے تھے اور کلیجے منہ کو آ رہے تھے‘‘؟ ایران اور اسرائیل جنگ بندی کے بعد بھی غزہ کی یہ کسک باقی ہے مگر کیا اسرائیل کے ناقابلِ تسخیر ہونے کا بھرم نہیں ٹوٹا۔ کیا اسرائیل پر زبردست حملے کے بعد اس نے خود صلح کی گہار نہیں لگائی؟ کیا امریکہ کو دیا جانے والا یہ پیغام معمولی ہے کہ مشرق وسطیٰ کے اندر اس کے سارے فوجی اڈے غیر محفوظ ہیں۔ امریکی حملوں کا بہانہ بنا کر ایران نے جوہری تنصیبات کے معاہدے سے نکل ایٹمی بم بنانے کا راستہ چن لیا ہے۔ اسرائیل کے اندر بمباری نے یہودیوں کے اندر جو عدم تحفظ کا احساس پیدا کیا ہے وہ انہیں خوشحالی کی تلاش میں ملک چھوڑنے پر مجبور کر دے گا اور یہ غاصب ریاست اندر سے کھوکھلی ہو جائے گی۔ اسی نسبت سے امریکی فوجی اڈے پر ایرانی حملے کو ’فتح بشیر‘ کا نام دیا گیا کیونکہ وہ مستقبل میں بڑی کامیابی کا پیش خیمہ ہے۔ صلح حدیبیہ کی طرح یہ جنگ بندی بھی فتح مبین بن کر غزہ میں امن بحالی راہ ہموار کرے گی۔ اس طرح فلسطین کی آزادی کا خواب بھی شرمندۂ تعبیر ہوگا۔ ان شاءاللہ۔

------------------

